پرمود چکرورتی کا

पासपोर्ट

پاسپورٹ

اداکاران

مدھوبالا

پردیپ کمار

قیمت ۱

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

پاسپورٹ فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

سن جا داستاں یوں نہ تنا
چھوڑ یہ ادا یہ تو بتا
کیا ہے تیرا نام کیا ہے پتا
صورت تو بہت اچھی ہے
اجی نام بھی اچھا ہو گا
آغاز وفا اچھا ہے
انجام بھی اچھا ہو گا
غصہ تو بہت پیارا ہے
اجی پیار بھلا کیا ہو گا ——
انکار بہت دلکش ہے
اقرار بھلا کیا ہو گا
اجی ایک نظر تو دیکھو
الفت کا اثر تو دیکھو
او شوخ حسیں تم برے نہیں
ایک بار ادھر تو دیکھو

گانا نمبر ۲

جانے دل چھیڑ دے کیا حسین رات ہے

کچھ نہیں چاہئیے تو اگر ساتھ ہے

ہیں ہیں...

مجھے چاند کیوں لگتا ہے

میرا کون یہ لگتا ہے

مجھے شک ہی تو ہے

میرے چاند سے جلتے ہیں

ہمیں اس کی کیا پرواہ ہے — ہیں ہیں —

تیرے در پہ سر جھک جائے

نہیں زندگی رک جائے

کلی دل کی یہ کھل جائے

کبھی پھر گرمی نا آئے

گانا کمینہ:۔ توبہ توبہ ہو توبہ میری جان

لے کے میرے دل کو تو نے ایمان

جانے چمن کی رنگین بہاریں

کس کو پکارے کس کو پکارے

دیکھی ہیں ایسی بہاریں کہاں

دنیا میں لاکھوں بانکے جواں ہیں

میری ادا پہ سب مہرباں ہیں

تم کو ہی ظالم دل کیوں دیا

ہم نے تمہیں سے آنکھ ملائی

محفل میں یہ کیوں تنہائی

ہم ہیں تمہارے تمہاری قسم ـــــ

گانا نمبر ۴

نظر کا جھک جانا زباں کا رک جانا
اسی کو میری جاں محبت کہتے ہیں
بڑی ہیں رنگین فضائیں دیکھو
ترانے گاؤ جی دیوانہ کہتا ہے
ہمارا دل والے ہوئے متوالے
بہاریں آئی ہیں زمانہ کہتا ہے
بہاروں کا اشارہ تو سمجھ لو
یہ کالی زلفیں بکھرا دوں
کہیں یہ آوارہ گھٹائیں جھک جائیں
ستاروں کے اشاروں کو سمجھ لو جی
سہانی راتیں نظر سے باتیں
کسی سے ملنے کے بہانے بنتے ہیں
ادھر نشاہوشی ادھر مدہوشی
آنکھوں آنکھوں میں فسانے بنتے ہیں

گانا نمبر ۵

جا رہا ہے کیوں دیوانے بے رخی کیا ہے
کیا تمنا ہے کیا بتا دوں، زندگی کیا ہے
محفل حسین جلوے ایک نظر تو
پھر سمجھ دیکھیں ہم نے ہیں لاکھوں میں ایک

زلفیں ہیں جواں میری آنکھیں ہیں مخمور
آ بھی جا تو نہ جا بلما ہم سے دور
ہو رُک جاؤ رے پیا
زندگی چھوڑو بھی یہ ناز
ٹھہرو جی سناتی ہوں
اُلفت کی رُو داد

ختم شد

پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	خونیچو کا سایہ	4/-/-
" حصہ دوم	1/4/-	خونیچو کی بیٹی	4/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	ڈاکٹر خونیچو	3/-/-
دہلی کے عیاش	1/-/-	ڈاکٹر خونیچو کا انتقام	3/-/-
خونی نشان	1/-/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	باپ کا قاتل	1/-/-
خونی شہزادہ	1/-/-	خونی چھتری	1/-/-
بہادر ٹارزن	1/8/-	تین ڈاکو	1/-/-
چینی فرشتہ	1/4/-	دو لاشیں	-/12/-
جادوگر جاسوس	1/4/-	خونی کھنڈر	-/12/-
موت کا مینار	1/4/-	سلطان عریاں	-/12/-
جادوگر حسینہ	1/4/-	گردشِ دوراں	3/8/-
خونی چراغ	1/8/-	چلتا پرندہ	1/8/-

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں۔ آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اس کو کافی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر استاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف ۱/-/- محصول ڈاک معاف

اردو ہندی ٹیچر

آجکل اردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر استاد کے ہر مرد و عورت بچہ آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے

قیمت صرف ۱/۸/- محصول ڈاک معاف

عملیات تیر محبوب عرف
ہمدردِ عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے۔ اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی۔ منت سماجت کرتے کرتے آپ عاجز ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمایئے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھایئے

قیمت صرف -/۱/۲ محصولڈاک معاف

اندر جال کلاں عرف استاد جادوگراں

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جس کے لیے اردو داں اصحاب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف -/۱/۴ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی